مدنی قافلوں کی بہاریں (حصہ 1)

# شرابی، مؤذن کیسے بنا؟

(اور دیگر 18 مدنی بہاریں)






شراب کا عادی کیسے تائب ہوا؟ 11 — اولاد کی نعمت مل گئی 17

ہیضے کی بیماری سے نجات 18 — اعلیٰحضرت رحمۃ اللہ علیہ کا دیدار ہوگیا 22

بارانِ رحمت نازل ہوگئی 24 — ناک کی ٹیڑھی ہڈی 28



مکتبۃ المدینہ (دعوتِ اسلامی)

SC 1286

المدینۃ العلمیۃ (دعوتِ اسلامی)



www.dawateislami.net

# پہلے اسے پڑھ لیجئے

**اَلْحَمْدُ لِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ تبلیغِ قراٰن وسنّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک **دعوتِ اسلامی** ساری دنیا میں نیکی کی دعوت عام کرنے کا عزمِ مُصَمَّم رکھتی ہے۔اس سلسلے میں دعوتِ اسلامی کے سنّتوں کی تربیّت کے بے شمار **مَدَنی قافِلے** 3 دن،12 دن،30 دن اور 12 ماہ کے لئے **ملک بہ ملک**، شہر بہ شہر اور قَریہ بہ قَریہ سفر کر کے علمِ دین اور سنّتوں کی بہاریں لُٹا رہے ہیں اور نیکی کی دعوت کی دُھومیں مچا رہے ہیں۔

**یقیناً راہِ خدا** عَزَّوَجَلَّ میں سفر کرنے والے **عاشقانِ رسول** کے ہمراہ **دعوتِ اسلامی** کے ان **مَدَنی قافلوں** میں سفر کرنا بہت بڑی سعادت ہے۔ان مَدَنی قافلوں کی برکت سے پنج وقتہ نماز ونوافل کی پابندی کے ساتھ ساتھ پیارے آقا صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وَسلَّم کی سنّتیں بھی سیکھنے کو ملتی ہیں اور یوں علمِ دین حاصل کرنے کا موقع میسر آتا ہے۔

علمِ دین کے لیے سفر کے بے شمار فضائل ہیں چنانچہ حضرت ابودَرْدَاء رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول **اللّٰہ** صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وَسلَّم کو فرماتے ہوئے سنا کہ ''جو علم کی تلاش میں کسی راستے پر چلتا ہے تو **اللّٰہ** تعالٰی اس کے لئے جنت کا راستہ آسان فرمادیتا



www.dawateislami.net

ہے اور بیشک فرشتے طالبُ العلم کے عمل سے خوش ہو کر اس کے لئے اپنے پر بچھا دیتے ہیں اور بے شک زمین و آسمان میں رہنے والے یہاں تک کہ پانی میں مچھلیاں عالم دین کے لئے استغفار کرتی ہیں اور عالم کی عابد پر فضیلت ایسی ہے جیسی چودھویں رات کے چاند کی دیگر ستاروں پر اور بے شک علماء وارثِ انبیاء علیہم السلام ہیں بیشک انبیاء علیہم السلام درہم و دینار کا وارث نہیں بناتے بلکہ یہ نفوسِ قدسیہ علیہم السلام تو صرف علم کا وارث بناتے ہیں تو جس نے اسے حاصل کر لیا اس نے بڑا حصہ پالیا۔'' (سنن ابن ماجہ، الحدیث ۲۲۳، ج ۱، ص ۱۴۵)

**مَدَنی قافلوں** میں سفر کی برکت سے اِنْ شَآءَ اللّٰه عَزَّوَجَلَّ اپنے سابقہ طرزِ زندگی پر غور و فکر کا موقع ملے گا اور دل حُسنِ عاقبت کے لئے بے چین ہو جائے گا جس کے نتیجے میں ارتکابِ گناہ کی کثرت پر ندامت محسوس ہوگی اور توبہ کی توفیق ملے گی اور اِنْ شَآءَ اللّٰه عَزَّوَجَلَّ عاشقانِ رسول کے مَدَنی قافلوں میں مسلسل سفر کرنے کے نتیجے میں زبان پر فحش کلامی اور فضول گوئی کی جگہ دُرُودِ پاک جاری ہو جائے گا، یہ تلاوتِ قران، حمدِ الٰہی اور نعتِ رسول کی عادی بن جائے گی، غصے کی عادت رخصت ہو جائے گی اور اس کی جگہ نرمی لے لے گی، بے صبری کی عادت ترک کر کے صابر و شاکر رہنا نصیب ہوگا، تکبر جیسی



www.dawateislami.net

بیماری سے جان چھوٹ جائے گی اور اِحترامِ مسلم کا جذبہ ملے گا، دنیاوی مال ودولت کی لالچ سے پیچھا چھوٹے گا اور نیکیوں کی حرص ملے گی اور یوں راہِ خدا عَزَّوَجَلَّ میں مسلسل سفر کرنے سے زندگی میں مَدَنی انقلاب برپا ہوجائے گا۔

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ عاشقانِ رسول کے مَدَنی قافلوں میں سفر سے جہاں ہمیں اُخروی فوائد حاصل ہونگے وہیں دنیوی برکات بھی سمیٹنے کو ملیں گی۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ **مدنی قافلوں** کی متعدد بہاریں ہیں، یہ رِسالہ **''مدنی قافلے کی مَدَنی بہاریں''** حصہ اوّل **''شرابی، مؤذن کیسے بنا؟''** کے نام سے پیش کیا جارہا ہے جبکہ **سینکڑوں بہاریں** ترتیب کے مرحلے میں ہیں۔

**اللّٰہ** تعالیٰ ہمیں ''اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش'' کرنے کے لئے مدنی اِنعامات پر عمل اور مدنی قافلوں کا مسافر بنتے رہنے کی توفیق عطا فرمائے اور **دعوتِ اسلامی** کی تمام مجالس بشمول مجلس **اَلْمَدِیْنَۃُ الْعِلْمِیَّہ** کو دن پچیسویں رات چھبیسویں ترقی عطا فرمائے۔ **اٰمین بجاہ النبی الامین** صلَّی اللّٰہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم

**شعبہ امیرِ اہلسنّت، مجلس اَلْمَدِیْنَۃُ الْعِلْمِیَّہ** ﴿دعوتِ اسلامی﴾

۱۰ جُمادَی الاُولیٰ ۱۴۳۱ھ بمطابق 25 اپریل 2010ء



www.dawateislami.net

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

# دُرُودِ پاک کی فضیلت

**شیخِ طریقت**، امیرِ اہلسنّت، بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرتِ علامہ مولانا ابو بلال **محمد الیاس عطّاؔر** قادری رضوی ضیائی دَامَتْ بَرَکَاتُہُم الْعَالِیَہ اپنے رسالے ''**بریلی سے مدینہ**'' میں نقل فرماتے ہیں کہ **سرکارِ مدینۂ منوّرہ**، سردارِ مکّۂ مکرّمہ صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کا فرمانِ دلنشین ہے: ''فرض حج کرو بے شک اس کا اجر بیس غزوات میں شرکت کرنے سے زیادہ ہے اور مجھ پر ایک مرتبہ دُرُودِ پاک پڑھنا اس کے برابر ہے۔'' (فردوس الاخبار ج ۲ ص ۲۰۷ حدیث ۲٤۸٤ دارالکتاب العربی بیروت)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## ﴿1﴾ شرابی، مؤذن کیسے بنا؟

**مہاراشٹر** (ہند) کے اسلامی بھائی کے بیان کا لُبِّ لُباب ہے: دعوتِ اسلامی کے مَدَنی ماحول سے وابستگی سے قبل میں مرضِ عصیاں میں انتہاء درجے تک مبتلا ہو چکا تھا۔ دن بھر مزدوری کرنے کے بعد جو رقم حاصل ہوتی رات کو اسی سے مَعَاذَ اللّٰہ



www.dawateislami.net

**شراب خرید کر خوب عیاشی کرتا، شور شرابا کرتا، گالیاں تک بکتا اور والدین واہلِ محلّہ کو خوب تنگ کرتا اسکے علاوہ میں پرلے درجے کا جواری و بے نمازی بھی تھا۔** اسی غفلت میں میری زندگی کے قیمتی ایام ضائع ہوتے رہے آخر کار میری قسمت کا ستارہ چمکا۔ ہوا یوں کہ خوش قسمتی سے میری ملاقات دعوتِ اسلامی کے ایک ذِمَّہ دار اسلامی بھائی سے ہوئی۔ انہوں نے اِنفرادی کوشش کرتے ہوئے مجھے مَدَنی قافلے میں سَفَر کرنے کی ترغیب دلائی۔ مجھ سے انکار نہ ہوسکا اور میں ہاتھوں ہاتھ تین دن کے مَدَنی قافلے کا مسافِر بن گیا۔ مَدَنی قافلے میں عاشِقانِ رسول کی صحبت ملی اور شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کے رسائل بھی سننے کو ملے۔ جس کی یہ بَرَکت حاصل ہوئی کہ مجھ جیسا پکا بے نمازی، شرابی و جواری تائب ہو کر نہ صرف نماز پڑھنے والا بن گیا بلکہ صدائے مدینہ لگانے اور دوسروں کو مَدَنی قافلوں کا مسافِر بنانے والا بن گیا۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **میری اِنفرادی کوشش سے اب تک 30 اسلامی بھائی مَدَنی قافلوں کے مسافِر بن چکے ہیں** اور اس وقت میں ایک مسجد میں مؤذِّن ہوں اور خوب مَدَنی کاموں کی دھومیں مچا رہا ہوں۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد



www.dawateislami.net

## ﴾2﴿ میں کرکٹ کھیلا کرتا تھا

ہِند کے مُقیم اسلامی بھائی نے مَدَنی قافلے سے حاصل ہونے والی بَرَکات تحریر فرمائیں جن کالُبِّ لُباب پیش کیا جاتا ہے: دعوتِ اسلامی کے مَدَنی ماحول کے ساتھ وابستگی سے قبل میری زندگی کے شب وروز یوں گزرتے کہ ساری ساری رات گھر سے غائب رہتا۔ کرکٹ کھیلنے اور دوستوں کی فضول محفلوں میں اپنی زندگی کے انمول ہیرے ضائع کرنے کا احساس تک نہ ہوتا۔ **گھر والوں کو بِلا وَجہ ستاتا، بے ہودہ کام اور دِیگر مَعاصی میں مُبْتَلا رہنا میرا اوڑھنا بچھونا بن چکا تھا۔** ایک دن میں نے اپنے شہر میں سبز سبز عمامہ شریف سجائے سفید لباس میں ملبوس کچھ اِسلامی بھائیوں کو دیکھا، چونکہ میں دعوتِ اسلامی سے واقِف نہ تھا اس لئے میں نے ایک شخص سے پوچھا یہ کون ہیں؟ اس نے جواباً کہا یہ تبلیغِ قرآن وسنّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک **دعوتِ اسلامی کے مبلِّغین** ہیں، میں اس کے جواب سے مطمئن نہ ہوا اور میرے دل میں طرح طرح کے وَسوسے آنے لگے میں نے پکا ارادہ کرلیا کہ ان سے بالکل نہیں ملوں گا۔ کچھ دن بعد انہی اسلامی بھائیوں کا مَدَنی قافلہ ہمارے محلے میں تشریف لے آیا مگر میں ان سے نہ ملا اور سیدھا گھر چلا آیا۔ گھر پہنچنے پر گھر والوں



www.dawateislami.net

نے بتایا کہ کچھ اِسلامی بھائی سنّتوں بھرا بیان سننے کی دعوت دے کر گئے ہیں، لیکن میں پھر بھی اسلامی بھائیوں سے نہ ملا۔ میں تو مَدَنی قافلے کے شُرَکاء اسلامی بھائیوں سے ملنے سے بھی بھاگتا تھا لیکن خدا عَزَّوَجَلَّ کا کرنا ایسا ہوا کہ گھر والوں نے بِاصرار مجھے مَدَنی قافلے کے ساتھ روانہ کر دیا، میں مَدَنی قافلے میں شریک تو ہوگیا لیکن وَساوِس نے میری جان نہ چھوڑی۔ میں نے سوچا کہ راستے ہی سے کہیں اِدھر اُدھر غائب ہوجاؤں گا **لیکن شُرَکاءِ قافلہ کے معمولات اوران کے طور طریقوں کو دیکھ کر مجھے اس بات کا یقین ہوگیا کہ یہ تو سرکار** صلّی اللّٰہ تعالیٰ علیہ والہٖ وَسَلَّم **اور آپکے صحابہ** رضوان اللّٰہ تعالیٰ علیھم اجمعین **کے نقش قدم پر چلنے والے لوگ ہیں۔** میں نے سوچا جب مریدوں کا (سنّتوں پر عمل کرنے کا) یہ عالَم ہے تو ان کے پیرو مرشِد کی کیا شان ہوگی لہٰذا میں نے یہ عہد کرلیا کہ میں بھی اسی ولیِ کامل کا مرید بنوں گا۔ **اَلْحَمْدُ لِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ مدنی قافلے میں سفر کی برکت سے میں دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول سے وابستہ ہوگیا۔ گناہوں سے توبہ کی اور نماز، روزہ اور دیگر فرائض و سنن کا پابند بن گیا۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد



www.dawateislami.net

## ﴿3﴾ روزگار مل گیا

**بابُ المدینہ** (کراچی) کے مُقیم اسلامی بھائی کے بیان کا لُبِّ لُباب ہے: چھ ماہ سے میں بے روزگار تھا۔ روزگار کی کوئی سبیل نہ بن پارہی تھی۔ بے روزگاری اور بڑھتی مہنگائی نے پریشان کردیا تھا اسی عالَم میں میرے شب و روز کٹ رہے تھے میں نے سن رکھا تھا کہ مدنی قافلے میں دعائیں قبول ہوتی ہیں چنانچہ میں نے مَدَنی قافلے میں عاشِقانِ رسول کے ساتھ سنّتوں بھرا سَفَر اختیار کیا۔ **اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ مَدَنی قافلے کی بَرَکت سے نہ صرف علمِ دین سیکھنے کا جذبہ ملا بلکہ مجھے جلد ہی روزگار مل گیا**۔ مزید برآں یہ کہ میں نے اپنے والد صاحب کے ہمراہ رَمَضانُ المبارک **میں عمرہ کرنے کی بھی سَعادت حاصِل کی** اور یہ بیان دیتے وقت میں حلقہ مشاورت کے خادم کی حیثیّت سے مَدَنی کاموں کی دھومیں مچانے میں مصروف ہوں۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## ﴿4﴾ نماز اور وضو کا طریقہ کیسے سیکھا؟

**ڈیرا اِسماعیل خان** (خیبر پختونخواہ) میں مُقیم اسلامی بھائی نے مَدَنی قافلے



www.dawateislami.net

سے حاصل ہونے والی بَرَکات تحریر فرمائیں جس کا خلاصہ یہ ہے: میں نے اپنی زندگی کا ایک بہت بڑا حصہ علمِ دین سے دوری کی وجہ سے گناہوں میں گزار دیا۔ ایک دن ہمارے قریبی گاؤں کے رہائشی ایک **مبلّغِ دعوتِ اسلامی** ہمارے گاؤں میں تشریف لائے اُنہوں نے بعدِ عَصر **علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت** کی ترکیب بنائی، نمازِ مغرب کے بعد سنّتوں بھرا بیان کیا اور بیان کے آخر میں انہوں نے **ہفتہ وار سنّتوں بھرے اجتماع** میں شرکت کی ترغیب بھی دلائی۔ میں نے اِجتماع میں شرکت کی نیت تو کر لی لیکن دعوتِ اسلامی کا مَدَنی مرکز ہمارے گاؤں سے کافی دور تھا اس لئے میں اجتماع میں شریک نہ ہوسکا۔ اگلے ہفتے وہی اسلامی بھائی پھر تشریف لائے، علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت کی ترکیب بنائی اور بعدِ مغرب سنّتوں بھرا بیان کیا اسی طرح ایک ماہ گزر گیا لیکن میں اِجتماع میں شرکت نہ کرسکا۔ اب کی بار وہی اسلامی بھائی مَدَنی قافلے کے ہمراہ ہمارے گاؤں میں تشریف لائے اور انفرادی کوشش کے ذریعے مجھ سمیت تین چار اسلامی بھائیوں کو اجتماع کے لئے تیار کرلیا۔ اس مرتبہ میں اپنی نیت کو عملی جامہ پہناتے ہوئے ہفتہ وار سنّتوں بھرے اجتماع میں جا پہنچا۔ سنّتوں بھرے بیان کے بعد ذکر و دعا ہوئی، دورانِ دعا گریہ وزاری کے



www.dawateislami.net

رِقّت انگیز مناظر دیکھ کر مجھ گناہگار کو بھی رونا آ گیا۔ اِجتماع کی بَرَکات ہاتھوں ہاتھ ظاہر ہوئیں اور میں نے یہ عزمِ مُصمم کرلیا کہ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ میں **مَدَنی قافلے** میں ضرور سفر کروں گا۔ اگلے ہفتہ وار سنّتوں بھرے اجتماع میں اکیلا ہی پہنچ گیا اور اجتماع کے اگلے ہی روز مَدَنی قافلے کا مسافر بن گیا۔ **اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ** عَزَّوَجَلَّ مَدَنی قافلے میں سفر کرنے کی برکت سے میری نماز، وضو، غسل میں پائی جانے والی غلطیاں دور ہوئیں اور میں نے کئی دعائیں بھی سیکھ لیں۔ میں نے گناہوں سے توبہ کرکے اپنے آپ کو مَدَنی رنگ میں رنگ لیا۔ جب میں مَدَنی قافلے سے گھر پلٹا تو میرے سر پر سبز سبز عمامے کا تاج جگمگا رہا تھا یہ سب دیکھ کر لوگ حیران تھے کہ اس کے اندر یہ تبدیلی کیسے آ گئی؟ کچھ دنوں کے بعد **میں نے ہمت کر کے مسجد میں فیضانِ سنّت کا درس بھی شروع کر دیا**، درسِ فیضانِ سنّت کی بَرَکت سے مزید تین اسلامی بھائیوں نے سبز سبز عمامہ کا تاج سجا لیا، اس کے بعد ہم باقاعدگی سے ہفتہ وار سنّتوں بھرے اجتماع میں شرکت کرنے لگے اور اس طرح ہمارے گاؤں میں بھی مَدَنی کاموں کی بہار آ گئی۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد



www.dawateislami.net

## ﴿5﴾ شراب کا عادی کیسے تائِب ہوا؟

**بابُ المدینہ** (کراچی) میں مُقیم اسلامی بھائی کے بیان کا خُلاصہ ہے: ۱٤۲٥ھ بمطابق 2005ء کی بات ہے کہ دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول سے وابستہ ہونے سے قبل **بری صُحبت کی نحوست سے میں نے شراب پینا شروع کردی۔** چونکہ میرے والِد صاحب انتقال فرما چکے تھے اور گھر میں سب سے بڑا میں ہی تھا اس لئے گھر کی تمام ذِمّہ داری میرے کندھوں پر تھی، دلی طور پر شراب کو برا جاننے کے باوجود میں عادت کے ہاتھوں مجبور ہو چکا تھا، ہزارہا کوششوں کے باوجود میں اس سے جان نہ چھڑا سکا۔ چنانچہ اس نیت سے کہ راہِ خدا عَزَّوَجَلَّ میں سفر کرکے دعا کروں تو شاید اس عادتِ بد سے نجات مل جائے میں نے عاشِقانِ رسول کے ہمراہ تین دن کے مَدَنی قافلے میں سنّتوں بھرا سفر اختیار کیا اور دورانِ مَدَنی قافلہ خوب دعائیں کیں، مَدَنی قافلے کے دوران مجھے **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی جو رحمتیں ملیں وہ بیان سے باہر ہیں۔ **اَلْحَمْدُلِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی قافلے کی بَرَکت سے شراب نوشی کی بری عادت سے میری جان چھوٹ گئی،** وہ دن اور آج کا دن تین سال کا عرصہ گزر گیا ہے **اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ** عَزَّوَجَلَّ شراب پینا تو دور کی بات


www.dawateislami.net

میں نے یہ منحوس کام کرنے کے بارے میں کبھی سوچا تک نہیں۔ یہ بیان دیتے وقت میں عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ(باب المدینہ کراچی) **میں دس روزہ اجتماعی اعتکاف کی بَرَکتیں لوٹنے میں مصروف ہوں اور عمامہ شریف کا تاج بھی میرے سر پر جگمگا رہا ہے۔**

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## ﴿6﴾ روزگار کا مسئلہ حل ہو گیا

**بابُ المدینہ**(کراچی) کے مُقیم اسلامی بھائی مَدَنی قافلے سے حاصل ہونے والی برکات کچھ یوں بیان کرتے ہیں: میں کچھ عرصے سے بے روزگاری کی وجہ سے کافی پریشان تھا۔ ایک روز میں نے اپنے ایک دوست سے اس پریشانی کا اظہار کیا تو انہوں نے **اِنفرادی کوشش** کرتے ہوئے مجھے دعوتِ اسلامی کے تحت سنّتوں کی تربیت کیلئے راہِ خداعَزَّوَجَلَّ میں سفر کرنے والے مَدَنی قافلوں کی ترغیب دلائی اور کہا کہ آپ مَدَنی قافلے کے مسافر بن جائیں اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ آپ کا یہ مسئلہ حل ہو جائے گا۔ ان کی اِنفرادی کوشش رنگ لائی اور میں ہاتھوں ہاتھ تین دن کے مَدَنی قافلے کا مسافِر بن گیا۔ قافلے سے واپسی کو ابھی چند ہی دن گزرے تھے



www.dawateislami.net

کہ مَدَنی قافلے کی بَرَکت ظاہر ہوئی اور **اَلْحَمْدُلِلّٰہِ** عَزَّوَجَلَّ **مجھے روزگار مل گیا۔**

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** سُبْحَانَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ دیکھا آپ نے کہ مَدَنی قافلے میں سفر کرنے کی بَرَکت سے کافی عرصے سے بے روزگار اسلامی بھائی کو روزگار مل گیا۔ اگر ہم غور کریں تو آج ہمارے معاشرے کے بے شمار مَسائل میں سے ایک عظیم مسئلہ بے روزگاری کا بھی ہے اگر ہم شیخِ طریقت، **امیرِ اہلسنّت** دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کی طرف سے عطا کردہ مَدَنی جدول (ٹائم ٹیبل) کے مطابق ہر ماہ تین دن کے مَدَنی قافلے میں سفر کو اپنا معمول بنالیں تو نہ صرف ہمیں کثیر سنّتیں اور علمِ دین سیکھنے کا موقع ملے گا بلکہ کچھ بعید نہیں کہ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی رحمت سے بے روزگاری و دیگر مسائل بھی حل ہوجائیں۔

نوکری چاہیے آئیے آئیے قافلے میں چلیں، قافلے میں چلو
تنگدستی مٹے دور آفت ہٹے لینے کو بَرَکتیں، قافلے میں چلو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (7) والِد صاحب صحّت یاب ہوگئے

**ایک اسلامی بھائی** کے بیان کا خلاصہ ہے: میرے والِد صاحب کچھ



www.dawateislami.net

عرصے سے پتھری کے مرض میں مبتلا تھے علاوہ ازیں ان کے پاؤں اس قدر درد کرتے تھے کہ پاؤں اٹھانا دشوار ہو جاتا تھا۔ کافی علاج کروانے کے باوجود اِن اَمراض سے اِفاقہ نہ ہوا۔ **ہم اپنے والِد صاحِب کی یہ حالت دیکھ کر خون کے آنسو روتے تھے**۔ دن یونہی گزرتے رہے محرم الحرام شریف کا مہینہ تشریف لایا تو میں اس نیت سے تین دن کے مَدَنی قافلے کا مسافِر بن گیا کہ قافلے کی بَرَکت سے **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ میرے والِد صاحب کو شِفا عطا فرما دے۔ قافلے کے شُرَکاء اسلامی بھائیوں کے سامنے بھی میں نے اپنے والِد صاحب کے مرض کا ذکر کیا۔ مَدَنی قافلے میں شریک عاشِقانِ رسول نے میرے والد صاحب کے لئے خوب دعائیں کیں۔ جب میں گھر پلٹا تو **اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ** عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی قافلے میں عاشِقانِ رسول کی صحبت میں رہ کر مانگی جانے والی دعاؤں کی بَرَکت سے میرے والِد صاحب صحت یاب ہو چکے تھے**۔ اس کے ساتھ ساتھ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ مَدَنی قافلے کی بَرَکت سے وضو و غسل کے فرائض، ان کا طریقہ اور میٹھے میٹھے آقا صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وَسَلَّم کی میٹھی میٹھی سنّتیں سیکھنے کا بھی موقع ملا۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالیٰ علیٰ محمَّد



www.dawateislami.net

# ﴾8﴿ اولاد کی نعمت مل گئی

**راجستھان** (ہند) کے مُقیم اسلامی بھائی کی تحریر کا خلاصہ ہے: میری شادی کو 13 برس بیت چکے تھے لیکن آہ! میں ابھی تک اولاد کی نعمت سے محروم تھا۔ ایک دن تبلیغِ قراٰن وسنّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول سے وابستہ ایک اسلامی بھائی سے میری ملاقات ہوئی تو انہوں نے مجھے مَدَنی قافلوں میں سَفَر کرنے کی بَرَکات سنائیں اور اِنفرادی کوشش کرتے ہوئے مجھے مَدَنی قافلوں میں سَفَر کرنے کی ترغیب دلائی۔ ان کی اِنفرادی کوشش کے نتیجے میں مَیں تین دن کے مَدَنی قافلے کا مسافر بن گیا۔ مَدَنی قافلے میں عاشِقانِ رسول کی صُحبت میں رہ کر میں نے خوب دعائیں کیں۔ مَدَنی قافلے سے واپسی کو ابھی چند ہی دن گزرے تھے کہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ مَدَنی قافلے میں عاشِقانِ رسول کی صُحبت میں رہ کر مانگی جانے والی دعاؤں کی قبولیت اس طرح ظاہر ہوئی کہ چیک اَپ کروانے پر معلوم ہوا کہ میری اہلیہ امید سے ہیں **اور کچھ ہی عرصہ کے بعد اللہ تعالیٰ نے میرے آنگن کو چاند سے مَدَنی منّے سے روشن فرما دیا۔**

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد



www.dawateislami.net

# آپ بھی مَدَنی ماحول سے وابستہ ہوجایئے

خربوزے کو دیکھ کر خربوزہ رنگ پکڑتا ہے، تِل کو گلاب کے پھول میں رکھ دو تو اُس کی صُحبت میں رَہ کر گلابی ہوجاتا ہے۔ اِسی طرح تبلیغِ قرآن وسنّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک دعوتِ اسلامی کے مَدَنی ماحول سے وابَستہ ہوکر عاشِقانِ رسول کی صُحبت میں رہنے والا **اللہ** اور اس کے رسُول عَزَّوَجَلَّ وصلَّی اللّٰہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم کی مہربانی سے بے وَقعت پتّھر بھی **انمول ہیرا** بن جاتا، خوب جگمگاتا اور ایسی شان سے پیکِ اَجَل کو **لَبَّیک** کہتا ہے کہ دیکھنے سننے والا اس پر رَشک کرتا اور جینے کے بجائے ایسی موت کی آرزو کرنے لگتا ہے۔ آپ بھی تبلیغِ قرآن وسنّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک **دعوتِ اِسلامی** کے مَدَنی ماحول سے وابستہ ہوجایئے۔ اپنے شہر میں ہونے والے **دعوتِ اِسلامی** کے ہفتہ وار **سنّتوں بھرے اِجتماع** میں شرکت اور **راہِ خدا** میں سفر کرنے والے عاشقانِ رسول کے **مَدَنی قافلوں** میں سفر کیجئے اور شیخِ طریقت، **امیرِ اہلسنّت** دامت برکاتہم العالیہ کے عطا کردہ **مَدَنی انعامات** پر عمل کیجئے، ان شآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ آپ کو دونوں جہاں کی ڈھیروں بھلائیاں نصیب ہونگی۔

مقبول جہاں بھر میں ہو دعوتِ اسلامی
صدقہ تجھے اے ربِّ غفّار مدینے کا


www.dawateislami.net

## غور سے پڑھ کر یہ فارم پُر کرکے تفصیل لکھ دیجئے

جو اسلامی بھائی فیضانِ سنّت یا امیرِ اہلسنّت دَامَت بَرَکَاتُہُم العالیہ کے دیگر کُتُب و رسائل سن یا پڑھ کر، بیان کی کیسٹ سن کر یا ہفتہ وار، صوبائی و بَین الاقوامی اجتماعات میں شرکت یا مَدَنی قافِلوں میں سفر یا دعوتِ اسلامی کے کسی بھی مَدَنی کام میں شمولیت کی بَرَکت سے مَدَنی ماحول سے وابستہ ہوئے، زندگی میں مَدَنی انقلاب برپا ہوا، نمازی بن گئے، داڑھی، عمامہ وغیرہ سج گیا، آپ کو یا کسی عزیز کو حیرت انگیز طور پر صحت ملی، پریشانی دُور ہوئی، یا مرتے وقت کَلِمَۂ طَیِّبَہ نصیب ہوا یا اچھی حالت میں رُوح قبض ہوئی، مرحوم کو اچھی حالت میں خواب میں دیکھا، بشارت وغیرہ ہوئی یا تعویذاتِ عطاریہ کے ذریعے آفات و بَلِیّات سے نَجات ملی ہو تو ہاتھوں ہاتھ اس فارم کو پُر کر دیجئے اور ایک صفحے پر واقعہ کی تفصیل لکھ کر اس پتے پر بھجوا کر اِحسان فرمایئے "مجلس اَلْمَدِیْنَۃُ الْعِلْمِیّۃ" عالمی مَدَنی مرکز فیضانِ مدینہ، محلّہ سوداگران، پُرانی سبزی منڈی بابُ المدینہ کراچی۔"

نام مع ولدیت: ____________________ عُمر ___ رُکن سے مرید یا طالب ہیں ______ خط ملنے کا پتا ____________________

فون نمبر (مع کوڈ) : ______ ای میل ایڈریس ____________________

انقلابی کیسٹ یا رسالہ کا نام: __________ سننے، پڑھنے یا واقعہ رونما ہونے کی تاریخ مہینہ / سال: __________ کتنے دن کے مدنی قافلے میں سفر کیا: ____ موجودہ تنظیمی ذمہ داری __________ مُندَرجہ بالا ذرائع سے جو بَرَکتیں حاصل ہوئیں، فُلاں فُلاں برائی چھوٹی وہ تفصیلاً اور پہلے کے عمل کی کیفیت (اگر عبرت کے لیے لکھنا چاہیں) مثلاً فیشن پرستی، ڈکیتی وغیرہ اور امیرِ اہلسنّت دَامَت بَرَکَاتُہُم العالیہ کی ذاتِ مبارَکہ سے ظاہر ہونے والی بَرَکات و کرامات کے "ایمان افروز واقعات" مقام و تاریخ کے ساتھ ایک صفحے پر تفصیلاً تحریر فرما دیجئے۔



www.dawateislami.net

اَلْحَمْدُلِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُوَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِالْمُرْسَلِيْنَ اَمَّابَعْد

فَاَعُوْذُبِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

# مَدَنی قافلے کا جدول

**سرکارِ نامدار**، **مدینے کے تاجدار**، **شَہَنشاہِ اَبرار** صلّی اللّٰہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم کا فرمانِ برکت نشان ہے: ''بروزِ قیامت لوگوں میں سے میرے قریب تر وہ ہوگا جس نے دنیا میں مجھ پر زیادہ درودِ پاک پڑھے ہوں گے۔''

(ترمذی، کتاب الوتر، ج ۲، ص ۲۷، دارالفکر بیروت)

صَلُّوا عَلَى الْحَبِيْب ! صَلَّى اللّٰهُ تعالٰی علٰی محمّد

**جَدوَل مَدَنی اِنعامات کے مطابق مرتب کرنے کی کوشِش کی گئی ہے۔ اس کے مطابق معمول رکھنے کی بَرَکت سے اِنْ شَآءَ اللّٰه** عَزَّوَجَلَّ **مکمل 72 مَدَنی اِنعامات کا عامل بننے کی سعادت پاسکتے ہیں۔**

**مدنی مشورے کا حلقہ:** (9:30 تا 9:56): اس حلقے میں (5 منٹ) تلاوت ونعت اور باقی (26 منٹ) میں جدول کی دہرائی، اعلانات کی دہرائی اور مشورے کا حلقہ لگایا جائے جدول کی دُہرائی امیرِ قافلہ خود ہی کریں شرکاء سے صرف ایک ایک کام پر مشورہ لیا



www.dawateislami.net

جائے، مشورہ مشورے کے طور پر ہی لیا جائے تا کہ اسلامی بھائی مذاق نہ بنائیں۔

**مَدَنی مشورہ کا حلقہ : (9:30 تا 9:56)**: مسجد میں پہنچ کر ہر وقت **باوُضُو** رہنے کی نیّت کے ساتھ وُضو فرما کر مکروہ وقت نہ ہوتو دوگانہ ادا کیجئے، دوگانہ میں **تَحِیَّۃُ الْوُضُو** اور **تحِیَّۃُ الْمَسْجِد** بھی آ گئیں اگر تھکن ہو تو آرام کرلیں، ورنہ اب (5 منٹ) تلاوت و نعت اور باقی (26 منٹ) امیرِ قافِلہ جَدْوَل کی تفصیلات بتائے، مدنی مشورے کا حلقہ تین حصوں میں تقسیم ہے **(1) جدول کی دہرائی (2) اعلانات (3) ذمہ داریوں کی تقسیم** (جدول کی دہرائی اوراعلانات آخری صفحات پر ملاحظہ فرمائیں) امیرِ قافِلہ مختلف اُمور کے بارے میں صرف ایک ایک کام پر مشورہ لے، مشورہ مشورے کے طور پر ہی لیا جائے تا کہ ماحول غیر سنجیدہ نہ ہو۔ درس و بیان و دیگر مساجد میں فجر و ظہر میں بمع رُفقاء جا کر درس دینے اور کھانا پکانے کی ذمّہ داریاں تقسیم کرے۔ (کھانے کی تیاری اِشراق و چاشت کے بعد سے لے کر مشورہ کے حلقے سے پہلے کرلی جائے نیز دو وقت کا سالن ایک ساتھ ہی تیار کرلیا جائے اور ذِمّہ داریاں روزانہ بدل بدل کردی جائیں، یہ نہ ہو کہ روزانہ کیلئے دھونے پکانے وغیرہ والا مخصوص کرلیا کہ بے چارہ سنّتیں سیکھنے ہی سے محروم رہے) ایک اسلامی بھائی کی ذِمّہ داری یہ ہو کہ ضَرورتاً



www.dawateislami.net

آرام کے وقفہ میں جاگ کر سامان وغیرہ کی حفاظت کریں ہر اسلامی بھائی کو ''اعلانِ عصر ومغرِب'' یاد کروا کر باری باری سب سے اعلان کروایئے۔(40منٹ)

**مَدَنی مقصد کا حلقہ:(9:57تا10:37)** یہ حلقہ(41منٹ) کا ہے،**اس حلقے** میں امیرِ قافلہ ابتدائی (26منٹ) **امیرِ اہلسنّت** دَامَت بَرَکاتُہم العالِیہ کے رسائل سے بیان کرے، بیان اس انداز میں ہو کہ شرکاء بور نہ ہوں، امیرِ قافلہ اس بیان کے ذریعہ اسلامی بھائیوں کو یہ ذہن دے کہ ''**مجھے نیک بننا ہے**'' اور ان میں ایسا جذبہ پیدا کرے کہ جو نماز نہیں پڑھتے تھے اُن کا نماز پڑھنے، مدنی قافلوں میں سفر کرنے، درس دینے اور ہفتہ وار سنّتوں بھرے اجتماع میں شرکت کرنے کا ذہن بن جائے، امیرِ قافلہ اس بیان کے ذریعے اسلامی بھائیوں میں مدنی مقصد کے تحت نیکی کی دعوت کا جذبہ بیدار کرے کہ ''**مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنی ہے۔**''

آخری (15منٹ) میں ''12مدنی کاموں'' کو دہرایئے اور ان میں سے کسی ایک مدنی کام میں عملاً شامل ہونے کا ذہن دیجئے۔

**انفرادی عبادت و مطالعہ:(10:38تا10:56)**(19منٹ) اِس حلقے میں



www.dawateislami.net

امیرِ قافلہ کوشش کرے کہ تمام اسلامی بھائی انفرادی عبادت میں مصروف ہوجائیں، تلاوتِ قران، ذکر اللہ عَزَّوَجَلَّ میں مصروف ہوجائیں، کوئی مدینے شریف کی طرف رُخ کرکے **313** بار درود شریف پڑھنے میں مصروف ہوجائے، کوئی اسلامی بھائی شجرہ شریف سے وظائف کی ترکیب بنائے تو کوئی **40** روحانی علاج سے وظائف پڑھنے کی ترکیب بنائے۔ اس حلقے میں کوئی بھی اسلامی بھائی فارغ نہ بیٹھے (اس دوران کسی سنی عالم کی کتاب کا مطالعہ مثلاً **حُسَامُ الْحَرَمَیْن مع تَمْھِیْدُ الْاِیْمَان**، مدنی گلدستے سے بہارِ شریعت کے مضامین اور **مِنْھَاجُ الْعَابِدِیْن** کے ابواب اور اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ کم ازکم ہر سال **امیرِ اہلسنّت** دَامَت بَرَکاتُھُم العالیہ کے تمام رسائل اور تمام مَدَنی پھولوں کے پمفلٹ وغیرہ کا مطالَعہ کروں گا کی نیّت سے (جس قدر ممکن ہو) مطالعہ بھی فرما سکتے ہیں)۔

**نیکی کی دعوت: (10:57 تا 11:08)** اس حلقے میں (12 منٹ) نیکی کی دعوت یاد کروائے، جو بخوشی سنانا چاہے وہ کھڑا ہو کر سنائے۔

## نیکی کی دعوت

ہم **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے عاجز بندے اور اس کے پیارے **حبیب** صلَّی اللہ تعالیٰ



www.dawateislami.net

عَلیه والہٖ وَسَلَّم کے ادنیٰ غلام ہیں یقیناً زندگی بے حد مختصر ہے ہم لمحہ بہ لمحہ موت کے قریب ہوتے جارہے ہیں۔ عنقریب ہمیں اندھیری قبر میں اُتار دیا جائے گا۔ نَجات تمام جہانوں کے پالنے والے خدائے **اَحْکَمُ الْحَاکِمِیْن** جَلَّ جَلالُہٗ کی اطاعت اور مؤمنین پر رحم و کرم فرمانے والے رَسُولِ کریم، **رء وفٌ رَّحیم** صَلّی اللّٰہ تعالیٰ عَلیه والہٖ وسلَّم کی سُنّتوں کی اِتباع میں ہے۔

دعوتِ اسلامی کا ایک مدنی قافلہ..........شہر سے آپ کے علاقے کی..........مسجد میں آیا ہوا ہے ہم نیکی کی دعوت کیلئے حاضر ہوئے ہیں۔ آپ سے عرض ہے کہ آپ بھی ہمارا ساتھ دیجئے.......... مسجد میں ابھی بیان جاری ہے، ابھی تشریف لے چلئے اور چل کر بیان میں شرکت فرمالیجئے، ہم آپ کو لینے کیلئے آئے ہیں، آیئے تشریف لے چلئے۔ (اگر وہ تیار نہ ہوں تو کہیں کہ) اگر ابھی نہیں آسکتے تو نمازِ مغرب وہیں ادا فرمالیجئے۔ نماز کے بعد اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ سنّتوں بھرا بیان ہوگا۔ آپ سے عاجزانہ التجا ہے کہ بیان ضرور سنئے گا۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ ہمیں اور آپ کو دونوں جہاں کی بھلائیاں نصیب فرمائے۔ **آمِیْن بِجَاہِ النَّبِیِّ الْاَمِیْن** صَلَّی اللّٰہ تعالیٰ عَلیه والہٖ وسلَّم

**انفرادی کوشش کا طریقہ:** (11:09 تا 11:20) امیرِ قافلہ انفرادی کوشش کا طریقہ کار سکھائے اور عملی طریقہ کر کے دکھائے اور جن اسلامی بھائیوں کو ترغیبات



www.dawateislami.net

پچھلے حلقے میں یاد نہ ہوئی ہوں تو اُن کو اِس حلقے میں بھی یاد کروائی جاسکتی ہیں۔

**انفرادی کوشش:** (11:21 تا 12:00) اس وقت میں اسلامی بھائی نظریں جُھکائے باوقار انداز میں باہَر عام مسلمانوں کے پاس جا کر بعدِ سلام مخاطَب کے چہرے پر نگاہیں گاڑے بغیر (اس کی عادت بنانے کیلئے اِنْ شَآءَ الله عَزَّوَجَلَّ قفل مدینہ عینک کا استعمال مفید رہے گا) اصلاحِ اعمال، گناہوں سے اِجتِناب اور موت و آخرت کا ذہن دیتے ہوئے مَدَنی قافِلوں میں سفر کیلئے **انفرادی کوشش** کیجئے اور ہاتھوں ہاتھ مسجد میں لانے کی ترکیب بنائیں۔ اسی دوران کچھ اسلامی بھائی مسجد میں **12** مدنی کاموں پر ایک دوسرے کا ذہن بنائیں۔

**سنّتیں سیکھنے کا حلقہ:** (12:01) تا (12:30) اس حلقے میں امیرِ قافلہ شرکاء کو سنّتیں سکھانے کی ترکیب بنائے۔ **3 دن** کے مدنی قافلے میں "سنّتیں" سیکھنے سکھانے کی ترتیب: **پہلے دن:** کھانے کی سنّتیں اور آداب، **دوسرے دن:** مسواک شریف کی سنّتیں، **تیسرے دن:** سلام و مصافحہ کی سنّتیں۔ ۱۲ دن اور ۳۰ دن کے مدنی قافلوں میں سنّتیں سیکھنے کی ترتیب الگ الگ ہوگی جس کی تفصیلات **"رَہنمائے جدول"** میں ملاحظہ فرمائیں۔ امیرِ قافلہ سنّتیں سکھاتے ہوئے پیار



www.dawateislami.net

اورمحبت سے ترکیب بنائے، ہرگز ہرگز کسی کو نہ ڈانٹے اور یاد رہے اس حلقے میں سنّتیں سکھانی اور یاد کروانی ہیں اور ساتھ ساتھ ان سنّتوں پر عمل کا ذہن بھی بنانا ہے، ایسا نہ ہو کہ شرکاء کو کھڑا کر کے سنّتیں سنانے پر زور دیا جائے۔ یاد کرنے کے بعد کوئی خود سنانا چاہے تو اس کی مرضی لیکن امیرِ قافلہ اس معاملے میں شرکاء پر ہرگز ہرگز سختی نہ کرے۔

ہے فلاح و کامرانی نرمی و آسانی میں
ہر بنا کام بگڑ جاتا ہے نادانی میں

**وقفۂ طعام :** (12:30) بجے اچھی اچھی نیّتوں کے ساتھ کھانا تناول فرمایئے۔ (بھوک سے کم کھانے کا ذہن دیتے ہوئے تین انگلیوں سے کھانے کی سنّت پر عمل کا مشورہ بھی دیجئے اس کی عادت ڈالنے اور دوسروں کو ڈلوانے کیلئے تھوڑے سے **ربڑ بینڈ** جیب میں رکھ لئے جائیں۔ ہر کھانے کے موقع پر بِنْصر یعنی چھُنگلیا کے برابر والی اُنگلی کو موڑ کر اُس میں ربڑ بینڈ ڈال لینا، **اِنْ شَآءَ اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ مفید رہے گا، مگر امیرِ قافلہ یہ وضاحت ضرور کرتا رہے کہ ہم سنّت کی عادت بنانے کے لئے ایسا کر رہے ہیں، ورنہ انگلی باندھنا سنّت بھی نہیں اور منع بھی نہیں) ممکن ہو تو **مِٹّی کے برتن** بھی ضرور استعمال کیجئے۔

**چوک درس :** اذانِ ظُہر سے ۱۲ منٹ قَبْل کسی بارونق مقام پر **حقوقِ عامّہ** کا خیال


www.dawateislami.net

رکھتے ہوئے مثلاً راہ چلنے والے مسلمانوں اور مویشیوں وغیرہ کا راستہ روکے بغیر (7 منٹ) روزانہ کم از کم **دو درس** دینے کی نیت کے ساتھ **فیضانِ سنّت سے چوک درس** دیجئے۔ اذان ہونے پر خاموش ہوجائیے اور **جواب** دیجئے۔ اس دوران اشارے سے گفتگو اور رکھنے اٹھانے وغیرہ کاموں سے بھی اِجتناب کیجئے (اذان واقامت کے وقت ہمیشہ اسی طرح اہتمام فرمائیے)۔

**تمام** اسلامی بھائی کم از کم ایک اسلامی بھائی کو ساتھ لاکر نمازِ ظہر بمع **سنّتِ قَبلِیہ** پہلی صَف میں **تکبیرِ اولیٰ** کے ساتھ **خُشوع وخُضوع** کی سعی کرتے ہوئے باجماعت ادا کیجئے۔ بعدِ نماز پورے **آداب** کا خیال رکھتے ہوئے دعا مانگئے (ہر نماز میں اسی طرح اہتمام فرمائیے اور جن نمازوں میں **نوافل** ہیں، وہ بھی ادا کیجئے)۔

**درسِ فیضانِ سنّت:** (7 منٹ) فیضانِ سنّت سے **درس** دیجئے، (ایک اسلامی بھائی کو خیرخواہ بنائیے۔ جو درس و بیان میں سب کو مبلّغ کے قریب بٹھائے اور جانے والوں سے نرمی کے ساتھ شرکت کی درخواست کرے۔ درس کے بعد بیٹھے بیٹھے ملاقات کیجئے) اسکے بعد سنّتیں سکھانے کا حلقہ لگائیے۔ اس میں باری باری اسلامی بھائی سنّتیں دہرائیں۔



www.dawateislami.net

**نماز سیکھنے کا حلقہ :**(30 منٹ)''**نماز کے اَحکام**'' سے حلقہ لگایا جائے، جس میں وضو، غسل، نماز وغیرہ اور آخری دن نماز کا عملی طریقہ سکھائیے۔ جو کچھ نماز کے اَحکام میں لکھا ہے وہی پڑھ کر سنانا اور یاد کروانا ہے اپنی طرف سے ہرگز ہرگز ہرگز وضاحت مت کیجئے، کسی معاملے پر بحث بھی نہ کریں، کوئی الجھے تو امیرِ قافلہ یوں عرض کر دے کہ نماز کے اَحکام میں مسئلہ یوں ہی لکھا ہے مزید وضاحت کے لئے آپ علماءِ اہلسنّت سے رابطہ فرمالیجئے۔ **3 دن کے مدنی قافلے میں** ''نماز کے احکام'' سے سکھانے کی ترتیب: **پہلے دن**: وضو کا طریقہ، فرائض اور سنّتیں (ص 8 تا ص 16) (اس میں امیرِ قافلہ وضو کے فرائض اور اس کی سنّتیں یاد کروائے باقی سمجھانے والے انداز میں صرف پڑھ کر سُنائے)۔

**دوسرے دن :** غسل کا طریقہ، غسل کے فرائض (ص 100 تا ص 104) (اس میں امیرِ قافلہ صرف غسل کے فرائض یاد کروائے اور باقی سمجھانے والے انداز میں صرف پڑھ کر سُنائے) **تیسرے دن :** تیمّم کی سنّتیں، طریقہ، فرائض اور نماز کا عملی طریقہ (ص 126 تا ص 129)



www.dawateislami.net

(اس میں امیرِ قافلہ تیمّم کے فرائض اور طریقہ یاد کروائے، باقی سمجھانے والے انداز میں صرف پڑھ کر سُنائے)۔ ۱۲ دن اور ۳۰ دن کے مدنی قافلوں میں سکھانے کی ترتیب الگ الگ ہوگی جس کی تفصیلات **"رَہنمائے جدول"** میں ملاحظہ فرمائیں۔ اگر آپ کے مخارج درست ہوں تو نماز کے اذکار جن میں **اذان** کا جواب، اس کے بعد کی **دعا**، **سورۂ فاتحہ**، قرآن شریف کی آخری **10 سورتیں**، **دعائے قنوت**، **اَلتَّحِیَّات** اور **دُرُودِ ابراھیم** (علیہ السلام) یاد کروائیں۔ ورنہ کسی درست مخارج والے اسلامی بھائی سے مدد حاصل کریں۔ اس حلقے میں وضو، غسل، نماز وغیرہ اور آخری دن نماز کا **عملی طریقہ** سکھایئے۔

**درس و بیان سیکھنے کا حلقہ:** (19 منٹ) اِس حلقے میں امیرِ قافلہ شرکاء میں سے جن کو درس نہیں آتا اُن کو درس اور جن کو بیان کرنا نہیں آتا اُن کو بیان سکھائے۔

**دعائیں یاد کرنے کا حلقہ:** (19 منٹ) گرمیوں میں اس وقت اور سردیوں میں یہ حلقہ عشاء کے بعد ہوگا۔ **3 دن** کے مدنی قافلے میں **"دُعائیں"** سیکھنے سکھانے کی ترتیب: **پہلے دن:** کھانا کھانے سے پہلے اور بعد کی دُعا۔ **دوسرے دن:** گھر میں داخل ہونے کی دُعا۔ **تیسرے دن:** استنجاء خانے میں داخل ہونے کی دُعا۔



www.dawateislami.net

دیگر مسنون دعاؤں وغیرہ کے علاوہ چھ کلمے شریف، **ایمانِ مُفَصَّل، ایمانِ مُجمَل** مع ترجمہ، بالغ، نابالغ اور نابالِغہ کے جنازے کی دعائیں، **تَلْبِیَہ**، تکبیرِ تشریق اور دیگر مسنون دعاؤں وغیرہ میں سے (جتنا ممکن ہو) یاد کروایئے۔اذانِ عصر تک وقفۂ استراحت ہو، آرام کیجئے یا کسی **مَدَنی انعام** پر عمل کر لیجئے مثلاً مَدَنی **مکتوب** وغیرہ کی ترکیب کرسکتے ہیں (باہَر کسی بھی وقت ہرگز مت گھومئے) ۱۲ دن اور ۳۰ دن کے مدنی قافلوں میں **دعائیں** سیکھنے سکھانے کی ترتیب الگ الگ ہوگی جس کی تفصیل ''**رَہنمائے جدول**'' میں ملاحظہ فرمائیں۔

## حلقوں کے بعد اذانِ عصر تک وقفۂ آرام

**علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت**: بعدِ نمازِ عصر: (12 منٹ) نیکی کی دعوت کے فضائل پر بیان ہو۔ **علاقائی دورہ** کا اعلان دُعا سے پہلے کر لیجئے۔ (امیرِ قافلہ کو چاہئے کہ قافلہ پہنچتے ہی امامِ مسجد/ خطیب/ کمیٹی وغیرہ سے اعلانات کی اجازت کی ترکیب بنالے، اعلان کرنے والے کو چاہیے کہ نمازِ عصر اقامت کہنے والے کے دائیں جانب ادا کرے اور وہیں قبلہ رُو کھڑے ہو کر اعلان کرے، اعلان اتنی آواز سے ہو کہ تمام نمازی بآسانی سُن


www.dawateislami.net

سکیں) دُعا کے بعد نیکی کی دعوت کے فضائل پر (12 منٹ) بیان ہو، حاضرین کو علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت کیلئے تیار کیا جائے۔ پھر مدنی مرکز کے دیئے ہوئے طریقے کے مطابق عصر کے بعد ہی علاقائی دورہ کیجئے اور نیکی کی دعوت زبانی یاد کر کے پیش کیجئے۔

اِس دوران **عصر تا مغرب** مسجد میں درس فیضانِ سنّت (تخریج شدہ) اور **امیرِ اہلسنّت** دَامَت بَرَکاتُہم العالِیہ کے رسائل سے درس دیا جائے۔ **3 دن** کے مدنی قافلے میں صرف **فیضانِ سنّت** (تخریج شدہ) کے باب آدابِ طعام سے ہی ترکیب کی جائے۔ تفصیل درجِ ذیل ہے:

(1) **فیضانِ سنّت** (تخریج شدہ) کے نیچے دیئے ہوئے (صفحہ نمبر 177 تا 209)

(2) **فیضانِ سنّت** (تخریج شدہ) کے نیچے دیئے ہوئے (صفحہ نمبر 210 تا 242)

(3) **فیضانِ سنّت** (تخریج شدہ) کے نیچے دیئے ہوئے (صفحہ نمبر 243 تا 276)

ہو سکے تو آخر میں چند منٹ سنّتیں سیکھنے سکھانے کا حلقہ لگایا جائے۔

**بعد نمازِ مغرب:** فرض کے بعد اعلان، مَدَنی قافِلوں میں ہاتھوں ہاتھ سفر کی ترغیب پر **پہلے** اور **دوسرے** دن (تقریباً 12 منٹ) اور **آخری** دن (تقریباً 26 منٹ)


www.dawateislami.net

بیان ہو۔ پہلے دن ترغیب دلا کر نیتیں کروائیں اور دوسرے دن نیت کروانے کیساتھ ساتھ نام بھی لکھیں، آخری رات سفر کی نیّت کرنے اور نام لکھوانے والوں کیساتھ سنّتوں بھرا **اجتماع** کر کے بزرگانِ دین رحمھم اللّٰہ تعالیٰ کی دین کی خاطر قربانیاں بتا کر مَدَنی قافِلوں کی بھرپور ترغیب پر بیان ہو۔ (اِس بات کا خصوصی خیال رکھئے کہ مغرب اور عشاء دونوں میں سے جس میں نمازی زیادہ ہوں اسی نماز میں اجتماع کی ترکیب بنائیے جس میں مختصر تلاوت، نعت شریف اور 26 منٹ کا بیان، صلوٰۃ وسلام کے تین اشعار اور دُعا کی جائے) بعد اجتماع ہاتھوں ہاتھ تیار ہونے والوں کی مَدَنی قافِلوں میں سفر کی ترکیب بنائیے۔ خود بھی یکمشت **12 ماہ** کیلئے سفر کی نیت فرما کر (ممکن ہو تو) ہاتھوں ہاتھ سفر کی ترکیب بنا لیجئے (دورانِ سفر اگر گاڑی میں ہوں تو) کھڑکی سے **باہر نظر** ڈالنے سے بچئے۔

**وقفہ طعام:** (مغرب تا عشاء) اچھی اچھی **نیتیں** کر کے سُنّت کے مطابق دعا پڑھ کر کھانا کھانے کی ترکیب بنائیے۔ دورانِ طعام ہر لقمے پر "**یَا وَاجِدُ**" وغیرہ بھی پڑھئے۔ اس کے لئے **امیرِ اہلسنّت** دَامَت بَرَکاتُہم العالِیَہ کا مرتب کردہ نیتوں والا کارڈ


www.dawateislami.net

مکتبۃ المدینہ سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔

**بعد نمازِ عشاء:** فیضانِ سنّت سے (7 منٹ) درس دیجئے پھر کیسٹ بیان سے پہلے (7 منٹ) **انفرادی کوشش** کے لئے دو دو اسلامی بھائی باہر جائیں اور پھر واپس آ کر کیسٹ اجتماع کی ترکیب بنائیں، جس میں ایک دن **امیرِ اہلسنّت** دَامَت بَرَکاتُہم العالِیہ کا بیان اور ایک دن **مدنی مذاکرہ** سنیں۔ اگر کیسٹ بیان میسّر نہ ہو تو **امیرِ اہلسنّت** دَامَت بَرَکاتُہم العالِیہ کے رسائل سے بیان کیا جائے۔ (نوٹ: جن ذمہ داران کے بیانات کی کیسٹیں مکتبۃ المدینہ پر آ چکی ہیں، اس حلقے میں اُن کے بیانات کی کیسٹیں بھی چلا سکتے ہیں۔) اس حلقے میں کم از کم **دو گھنٹے** دعوت اسلامی کے مدنی کاموں میں صرف کرنے کی نیت کے ساتھ **پردے میں پردہ** کے اہتمام اور پورے دن **سبز عمامہ شریف** بمع سر بند، زلفیں، ایک مُشت داڑھی، سنّت کے مطابق سفید لباس، سامنے سینے کی جانب مسواک اور ٹخنوں سے اونچے پائنچے رکھنے کی نیت کے ساتھ شریک ہوں۔ بعد حلقہ انفرادی کوشش کے ذریعے مدنی ماحول کی برکتیں بتا کر مدنی قافلوں میں سفر کی نیتیں کروا کر نام وغیرہ لکھیں اور اپنے ساتھ سفر بھی کروائیں۔



www.dawateislami.net

**قفلِ مدینہ:** شرکائے قافلہ کو چونکہ اکثر وقت مسجد ہی میں گزارنا ہے لہٰذا **قفلِ مدینہ** سے متعلق ان چند انعامات کے نفاذ میں دونوں جہاں کی عافیت ہے۔ مثلاً **قہقہہ** لگانے سے بچتے ہوئے ضروری بات بھی دعوتِ اسلامی کی **اصطلاحات** کے استعمال کے ساتھ (درست تلفظ کی ادائیگی کا لحاظ رکھتے ہوئے) **کم لفظوں میں لکھ کر یا اشارے** سے کرنا اور **فُضُول** بات منہ سے نکلنے پر نادِم ہوکر دُرُودِ پاک پڑھ لینا۔ سامنے والے کے چہرے پر **نگاہیں** گاڑے بغیر **نظریں جُھکا** کر گُفتگو کرنے کی عادت ڈالنا۔ (اس کیلئے روزانہ کم از کم بارہ منٹ قفلِ مدینہ کے عینک کا استعمال مفید ہے)

**دُہرائی کا حلقہ:** (12 منٹ) آج جو کچھ سیکھا ہے امیرِ قافلہ حلقے کی صورت میں شرکاء کے سامنے خود ہی اسکی **دُہرائی** کرے اور اگر کوئی بخوشی سنانا چاہے تو سُنے اور حوصلہ افزائی بھی کرے۔

**فکرِ مدینہ:** پھر امیرِ قافلہ مدنی انعامات کے مطابق **اجتماعی فکرِ مدینہ** خود کروائے جس میں تمام شرکائے قافلہ سنجیدگی اور توجہ کے ساتھ آج **مدنی انعامات** کے مطابق کہاں تک عمل ہوا کے تحت مَدَنی انعامات کے رسالے میں دیئے گئے خانے پر


www.dawateislami.net

کرنے کی ترکیب کریں۔ پھر اجتماعی ترغیب دلا کر تمام شرکاء کو نیت کروائیں کہ **اِنْ شَآءَ اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ روزانہ کم از کم 2 اسلامی بھائیوں کو **مدنی قافلے** میں سفر اور ہر ماہ مدنی انعامات کا رسالہ پُر کر کے جمع کروانے کیلئے ترغیب دلائیں گے اور **اِنْ شَآءَ اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ خود بھی ہر ماہ **مدنی انعامات** کا رسالہ پُر کر کے جمع کروانے کے ساتھ ساتھ تین دن کیلئے **مدنی قافلے** میں ہر ماہ سفر بھی کریں گے۔

**اَخلاقی نِکھار کیلئے**: سونے سے قبل ان مدنی انعامات کا معمول رکھنے کی نیت فرما لیجئے اور سارا دن اس کے لئے کوشش بھی کیجئے، مثلاً: آپ جناب اور **''جی''** کہنے کی عادت ڈالنے اور بات سمجھ میں آنے کے باوجود سوالیہ انداز میں ''ہیں'' یا **''کیا؟''** کہنے، دوسروں کی بات اطمینان سے سننے کی بجائے اُس کی **بات کاٹ کر** اپنی بات شروع کرنے، الزام تراشی، **گالی گلوچ** کرنے اور نام **بگاڑنے** سے بچنے، عُیُوب پر مُطَّلَع ہونے پر **پردہ پوشی** اور راز کی بات کی **حفاظت** کی عادت بنانے، جھوٹ، **غیبت**، چغلی، حسد، تکبر اور وعدہ خلافی وغیرہ سے خود کو بچانے، دوسروں سے **مانگ کر** چیزیں استعمال کرنے، ایسے **فضول سوال** کرنے سے بچنے جس سے مسلمان عموماً جھوٹ کے کبیرہ گناہ میں مبتلا ہو جاتے ہیں (مثلاً بلاضرورت



www.dawateislami.net

پوچھنا! کہ بھائی ہمارا کھانا کیسا لگا؟ آپ کا سفر کیسا گزرا؟ وغیرہ) عاجزی کے ایسے الفاظ (جن کی دل تائید نہ کرے) بولنے، **فلمیں** ڈرامے دیکھنے اور **گانے باجے** سننے کی عادت نکالنے، سلام کا جواب اور چھینکنے والا **اَلْحَمْدُلِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ کہے تو اس کے جواب میں **یَرْحَمُکَ اللّٰہ** اتنی آواز سے کہنا کہ وہ سن لے، آئندہ کی ہر جائز بات کے ارادے پر **اِنْ شَآءَ اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ، مزاج پرسی پر شکوہ کرنے کے بجائے **اَلْحَمْدُلِلّٰہِ عَلٰی کُلِّ حَال**، کسی نعمت کو دیکھ کر **مَاشَآءَ اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اور گناہ ہوتے ہی **فوراً توبہ** کرنے کی عادت بنانے کیلئے بھی کوشش کریں گے۔ (اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ)

## صلوٰۃ التوبہ اور وقفہ آرام

**سورۂ مُلک، آیۃُ الکُرسی، تسبیحِ فاطِمہ** رضی اللّٰہ تعالٰی عنہا اور **صلوٰۃ التوبہ** والے **مدنی انعام** پر عمل کی سعادت پانے کے بعد سونے کی دعا اور سوتے وقت پڑھنے کے **اوراد** وغیرہ پڑھ کر اوراذانِ عشاء کے **وقت** سے لے کر **دو گھنٹے** کے اندر اندر فارغ ہو کر سنّت بکس سر ہانے رکھ کر آرام فرمالیجئے۔ ممکن ہو تو کوئی چیز بیچ میں رکھ لیجئے۔ مگر کسی کے پاؤں اس سمت ہوتے ہوں تو ایسا بیگ نہ رکھئے جس میں کوئی کتاب یا تحریر ہو نیز دوسروں کے پاؤں اس طرف ہونے کا


www.dawateislami.net

اندیشہ ہوتو **سنّت بکس** بھی وہی سرہانے رکھئے ، جس کے اوپر یا اندر کسی قسم کی تحریر یا لیبل وغیرہ نہ ہو۔اسی طرح تعویذات اور جیب کی **تحریر** نکال کر ادب کی جگہ پر رکھ دیجئے ، تا کہ کسی اور سونے والے کے پاؤں اس طرف نہ ہوں ، آپ بھی اپنے پاؤں کسی تحریر کی طرف تو نہیں کر رہے؟ یہ غور کرلیا کریں ، اوران باتوں کا ہمیشہ خیال رکھئے۔

**باادب بانصیب　　　　بے ادب بے نصیب**

**ایک** تکیہ پر دو یا ایک چادر میں بھی دو اسلامی بھائی ہرگز نہ سوئیں ، اپنی چادر یا **چٹائی** بچھا کر سونے میں احتیاط زیادہ ہے۔ (بیدار ہونے پر چادر یا چٹائی اور کپڑے تبدیل کر کے فوراً تہہ فرمالیا کریں) نظم وضبط کے ساتھ ایک قِطار میں سوئیں ، ہمیشہ دو اسلامی بھائیوں کے درمیان کم از کم دو ہاتھ کا فاصلہ رکھیں ضرورتاً ایک یا دو اسلامی بھائی جاگ کر سامان وغیرہ کی حفاظت فرمائیں۔

**تہجُّد :** صبحِ صادق سے **19** منٹ قبل تہجد کیلئے جگائیے ، **نماز تہجد** کے بعد اذان فجر تک ذکر و درود اور **تلاوت** کا سلسلہ جاری رکھئے۔

**روزانہ کے اوراد :** روزانہ **شجرہ شریف** سے چند ''اوراد'' کم از کم **70** بار استغفار ،



www.dawateislami.net

**166** بار **لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ**، پھر **3** بار **مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰه** صَلَّی اللّٰہ تعالٰی عَلیہ والہٖ وسلَّم اور بارہ منٹ **آنکھیں بند** کرکے **313** مرتبہ **دُرود شریف** پڑھیے اس دوران تصورِ گنبدِ خضریٰ بھی کرسکتے ہیں۔ اذان کے وقت بات چیت، چلت پھرت، اٹھانا رکھنا، فون پر گفتگو وغیرہ تمام کام کاج موقوف کرکے **اذان کا جواب دیجئے** (یہ زندگی بھر کے لئے اپنا معمول بنا لیجئے)

**صدائے مدینہ :** **امیرِ اہلسنّت** دَامَت بَرَکاتُہم العالِیہ ارشاد فرماتے ہیں کہ اذانِ فجر کے بعد (مدنی قافلہ کے علاوہ بھی) **بغیر میگافون** کے دو دو اسلامی بھائی **صدائے مدینہ** لگائیں۔ لیکن اس بات کا خیال رکھئے کہ اتنی زوردار آواز نہ ہو کہ مریضوں، بچوں اور اسلامی بہنوں (جو گھر میں نماز میں مشغول ہوں یا پڑھ کر دوبارہ لیٹ گئی ہوں) کو **تشویش** ہو۔ درس و بیان کرنے، نعت شریف پڑھنے اور اسپیکر وغیرہ چلانے میں ہمیشہ نمازیوں، تلاوت کرنے والوں اور سونے والوں کی ایذاء رسانی سے **بچنا شرعاً واجب** ہے۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ ہم ظاہری عبادت سے خوش ہو رہے ہوں مگر اس میں دوسروں کی پریشانی کا باعث بن کر حقیقت میں **مَعَاذَ اللّٰه** گنہگار اور **دوزخ کے حقدار** بن رہے ہوں۔

**نمازِ فجر** خشوع و خضوع کی سعی کے ساتھ پہلی صف میں ادا فرمایئے۔ بعدِ



www.dawateislami.net

نماز پورے آداب کا خیال رکھتے ہوئے **دعا** مانگئے۔ سارا دن جن نمازوں میں **سنّتیں** اور **نوافل** ہوں ان کی ادائیگی کا بھی اہتمام فرمائیے۔

**بعد نمازِ فجر:** (30 منٹ) فرض نماز کے بعد اعلان ہو اور **12** منٹ کے سنّتوں بھرے بیان کے بعد پرتپاک طریقے پر ملاقات کرتے ہوئے **انفرادی کوشش** فرمائیں، فجر تا اشراق والے **مدنی حلقے** میں شرکت کی نیت کے ساتھ جن اسلامی بھائیوں کو قرآن مجید پڑھنا نہیں آتا، امیرِ قافلہ **18** منٹ تک **مَدْرَسَةُ الْمَدِيْنَه** میں روزانہ شرکت اور ایک بار قرآن پاک ناظرہ دُرُست مخارج سے پڑھنے کی نیت کے ساتھ آخری دس سورتوں میں سے کوئی سورۃ شرکاء کو (جس قدر ممکن ہو) یاد کروائیے پھر کم از کم تین آیات **کنزالایمان شریف** سے مع ترجمہ وتفسیر پڑھنے یا سننے کا سلسلہ کیجئے (اگر "**خَزَائِنُ الْعِرْفَان**" پڑھنا دشوار معلوم ہو تو مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا "**نُوْرُ الْعِرْفَان**" پڑھیں کہ کافی آسان ہے اور یہ بھی **كَنْزُ الْاِيْمَان** ہی کی **تَفْسِيْر** ہے) خدانخواستہ مخارج درست نہیں تو اس دوران ذکر و درود اور مطالعہ میں مشغول رہیں اور **تلفظ** کی درستی کے لئے اِعْرَاب کا لحاظ رکھتے ہوئے کم از کم **چار**



www.dawateislami.net

**صفحات فیضانِ** سنّت کا مطالعہ فرمالیجئے۔طلوعِ آفتاب کے 22 منٹ بعد **اشراق وچاشت** کے نوافل ادا کیجئے اور بعدِ نوافل (9 بجے) تک آرام کیجئے۔

**مطالعہ:** جو سونا نہیں چاہتے وہ مسجد میں تلاوت، عبادت یا مطالعہ وغیرہ فرمائیں۔ مسجد کے باہر (کسی وقت بھی) نہ گھومیں، بعدِ آرام **پردے میں پردہ** کے اہتمام کے ساتھ ناشتہ فرمایئے۔

**مدنی التجائیں:** تمام اسلامی بھائی روزانہ **شَجْرَہ عَطَّارِیَّہ** سے چند اوراد کم ازکم "70 بار اَسْتَغْفِرُ اللّٰہ 166 بار لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ پھر تین بار مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہ تعالٰی عَلیہ واٰلہٖ وسلَّم" اور بارہ منٹ **آنکھیں بند** کرکے کم ازکم 313 بار درود شریف پڑھیں (یہ زندگی بھر کیلئے معمول بنالیجئے)۔

## مزید مَدَنی انعامات کے حُصول کیلئے

**امیرِ قافِلہ** اگر شرکاءِ قافِلہ کو سفر پر روانہ ہونے سے پہلے مُندَرِجہ ذیل مَدَنی اِنعامات کے تحت مَدَنی ذہن بنائے تو اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ مَدَنی قافِلہ بہت کم مسائل سے دوچار ہوگا مثلاً: مرکزی مجلسِ شوریٰ، اپنے سے متعلق ہر مشاورت و



www.dawateislami.net

مجلس کے نگران (مثلاً امیرِ قافِلہ) کی شریعت کے دائرے میں بہر صورت **اطاعت** کرنا، ایک یا چند سے **دوستی** گانٹھنے سے بچنا، کسی ذمّہ دار یا عام اسلامی بھائی سے **اختلاف** کی صورت میں دوسروں پر اظہار نہ کرنا، **طنز و ہنسی مذاق** کی عادت نکالنا، غصہ آ جانے کی صورت میں چُپ سادھ لینا وغیرہ مَدَنی قافلے میں سفر کی بَرَکت سے **اِنْ شَآءَ اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ ہفتہ وار سنّتوں بھرے **اجتماع** میں (اوّل تا آخر) شرکت، کم از کم چار سے **ملاقات**، ایک کا مکمل پتا حاصل کرنا اور رات **اِعتکاف** کے ساتھ ساتھ **اِنْ شَآءَ اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ **مسجد اجتماع** میں شرکت اور ہفتے میں کم از کم ایک بار کسی مریض یا دُکھی کے گھر یا اَسپتال جا کر **غمخواری** کے ساتھ تحفہ پیش کرنا، کم از کم ایک **روزہ** رکھنے کی سعادت حاصِل کرنا اور **اِنْ شَآءَ اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ مَدَنی قافلے سے واپسی پر اجنبیہ (یعنی وہ عورت جس سے نکاح جائز ہو) سے **پردہ** کرنے کے ساتھ، گھر کے برآمدوں سے باہَر اور کسی دوسرے کے گھر میں **جھانکنے** سے بچتے ہوئے اگر گھر میں مَدَنی ماحول بنانے کیلئے "**15 مَدَنی پھول**" کے مطابق اپنے معمولات رکھیں تو اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ مکمل 72 مَدَنی اِنعامات کا


www.dawateislami.net

عامل بننے کی سعادت پا سکتے ہیں۔

## صدائے مدینہ کا طریقہ

**بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم** ط پڑھ کر تھوڑے تھوڑے وقفے سے دُرُود و سلام کے ذیل میں دیئے ہوئے صیغے پڑھتے رہیں

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہ وَعَلٰی اٰلِکَ وَاَصْحٰبِکَ یَاحَبِیْبَ اللّٰہ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَانَبِیَّ اللّٰہ وَعَلٰی اٰلِکَ وَاَصْحٰبِکَ یَانُوْرَاللّٰہ

**صدائے مدینہ** اس طرح لگایئے: میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو اور اسلامی بہنو! **فجر** کی نماز کا وقت ہو گیا ہے۔ **نماز** نیند سے بہتر ہے۔ جلدی جلدی **اُٹھیے** اور نماز کی تیّاری کیجئے۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ آپ کو بار بار **حج** نصیب کرے اور بار بار میٹھا میٹھا **مدینہ** دکھائے، جلدی جلدی اُٹھیے اور نمازِ فجر کی **تیاری** کیجئے۔ (اب پھر اُوپر دیا ہوا دُرُود و سلام پڑھئے۔ اس کے بعد موقع کی مناسبت سے دوبارہ اوپر دیا ہوا مضمون یا نیچے دیئے گئے **امیرِ اہلسنّت** دَامَت بَرَکَاتُہُمُ العَالِیَہ کے نظم کردہ اشعار میں سے منتخب اشعار پڑھئے)



www.dawateislami.net

# فجر کا وقت ہوگیا اُٹھو!

فجر کا وقت ہوگیا اُٹھو! اے غلامانِ مصطفٰے اٹھو!
جاگو جاگو اے بھائیو، بہنو! چھوڑو چھوڑو اب بسترا اُٹھو!
تم کو حج کی خدا سعادت دے جلوہ دیکھو مدینے کا اُٹھو!
اُٹھو ذکرِ خدا عَزَّوَجَلَّ کرو اُٹھ کر! دِل سے لو نامِ مصطفٰے اُٹھو!
فجر کی ہو چکی اذانیں وقت ہو گیا ہے نماز کا اُٹھو!
بھائیو! اُٹھ کر اب وُضو کر لو اور چلو خانۂ خدا اُٹھو!
نیند سے تو نماز بہتر ہے! اب نہ مطلق بھی لیٹنا اُٹھو!
اُٹھ چکو اب کھڑے بھی ہو جاؤ! آنکھ شیطاں نہ دے لگا اُٹھو!
جاگو جاگو نماز، غفلت سے کر نہ بیٹھو کہیں قضا اُٹھو!
اب ''جو سوئے نماز کھوئے'' وقت سونے کا اب نہیں رہا اُٹھو!
یاد رکھو! نماز گر چُھوڑی قبر میں پاؤ گے سزا اُٹھو!
بے نمازی پھنسے گا محشر میں ہوگا ناراض کبریا اُٹھو!



www.dawateislami.net

میں صدائے مدینہ دیتا ہوں | تم کو طیبہ کا واسطہ اُٹھو!
میں بھکاری نہیں ہوں دَر دَر کا | میں ہوں سرکار کا گدا اُٹھو!
مجھ کو دینا نہ پائی پیسہ تم! | میں ہوں طالب ثواب کا اُٹھو!
تم کو دیتا ہے یہ دعا **عطّار** | فضل تم پر کرے خدا عَزَّوَجَلَّ اُٹھو!

## آہ! مَدَنی قافلہ اب جا رہا ہے لوٹ کر

**امیرِ اہلسنّت** دَامَت بَرَکاتُہم العالِیہ کے نظم کردہ یہ اشعار **دعوتِ اسلامی** کے سنّتوں کی تربیت کے لئے سفر کرنے والے **مدنی قافلے** کی واپسی پر سنّتوں کی تڑپ رکھنے والے عاشقانِ رسول کے ولولہ انگیز جذبات کے عکّاس ہیں۔

آہ! مدنی قافلہ اب جا رہا ہے لوٹ کر | کوئی دل تھامے کھڑا ہے کوئی ہے باچشمِ تر
سنّتوں کی تربیت کے قافلوں کے قدر دان | جب پلٹتے ہیں گھروں کو روتے ہیں وہ پھوٹ کر
کس قدر خوش تھے نکل کر چل دئے تھے گھر سے جب | اب اداسی چھا رہی ہے ہائے اپنے قلب پر
فکر تھی گھر بار کی نہ فکر کاروبار کی | لطف خوب آتا تھا ہم کو مسجدوں میں بیٹھ کر
جاتے ہی دنیا کے جھگڑے پھر گلے پڑ جائیں گے | کیا کریں لاچار ہیں قابو نہیں حالات پر


www.dawateislami.net

یاخدا! چلدوں میں مدنی قافلوں کیساتھ کاش　　سنّتوں کی تربیت کے واسطے پھر جلدتر

ہائے ! ساراوقت میرا غفلتوں میں کٹ گیا　　آہ! کب ہوگا میسر پھر مبارک یہ سفر

مسجدوں کا کچھ ادب ہائے ! نہ مجھ سے ہوسکا　　درگزر فرما الٰہی بہرِ شاہِ بحر و بر

آہ شیطاں ہر گھڑی ہر وقت غالب ہی رہا　　عادتِ عصیاں نے رکھ دی توڑ کر ہائے کمر

اپنی ساری نیکیاں **عطّار** نے کی اس کے نام　　بارہ مدنی قافلوں کے ساتھ جو کرلے سفر

**اعلانِ فجر**: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم ○ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَارَسُوۡلَ اللّٰہ ○

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو**! ابھی دعا کے فوراً بعد اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ سنّتوں بھرا بیان ہوگا تشریف رکھئے اور ڈھیروں ثواب کمائیے۔

**اعلانِ عصر**: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم ○ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَارَسُوۡلَ اللّٰہ ○

آپ کے علاقے میں نیکی کی دعوت کو عام کرنے کیلئے آپ کی مدد درکار ہے۔ برائے کرم دعا کے بعد تشریف رکھئے اور ڈھیروں ثواب کمائیے۔

**اعلانِ مغرب**: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم ○ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَارَسُوۡلَ اللّٰہ ○

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو**! ابھی نماز کے فوراً بعد اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ سنّتوں بھرا بیان ہوگا۔ تشریف رکھئے اور ڈھیروں نیکیاں کمائیے۔



www.dawateislami.net

# جدول کی دہرائی

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ مَدَنی مشورے کا حلقہ جاری ہے۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ ساڑھے **12** بجے تک سیکھنے سکھانے کا عمل جاری رہے گا۔ کھانا تیار ہوا تو سُنّت کے مطابق بیٹھ کر **پردے میں پردہ** والے **مَدَنی انعام** پر عمل کرتے ہوئے کھالیا جائیگا ورنہ **نگاہیں جھکائے** مسلمانوں کو **سلام** کرتے ہوئے **چلنے** والے (مَدَنی انعام پر عمل کرتے ہوئے) کسی بارونق مقام پر اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ حقوق عامہ کا خیال رکھتے ہوئے **چوک درس** دیا جائیگا۔

**ظہر** میں جلدی سے تیار ہو کر مسجد کی **پہلی صف** مع تکبیرِ اُولیٰ (والے مَدَنی انعام) کے مطابق باجماعت نمازِ ظہر ادا کی جائے گی۔ نمازِ ظہر کے بعد درسِ **فیضانِ سنّت** دینے یا سننے (والے مَدَنی انعام) پر عمل کی سعادت حاصل کی جائے گی۔ پھر اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ سیکھنے سکھانے کا عمل جاری رہے گا، وقت ملے گا تو آرام کرلیا جائیگا، ورنہ اذانِ عصر سے قبل فوراً تیار ہو کر، نمازِ عصر مسجد کی **پہلی صف** مع تکبیرِ اُولیٰ (والے مَدَنی انعام) کے مطابق مع **سنّتِ قَبلیہ** باجماعت ادا کی جائے گی۔ نماز کے بعد ایک اسلامی بھائی اعلان فرمائیں گے، پھر اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ بیان



www.dawateislami.net

ہوگا۔ بیان کے بعد **علاقائی دورہ** برائے نیکی کی دعوت (والے مَدَنی انعام) پر عمل کی سعادت حاصل کرنے کیلئے اِنْ شَآءَ الله عَزَّوَجَلَّ باہر جائیں گے۔ اس دوران مسجد میں درس و بیان کا سلسلہ جاری رہے گا، اذان مغرب سے تقریباً ۱۰ منٹ قبل دوبارہ مسجد میں آجائیں گے اور طبعی حاجات وغیرہ سے فارغ ہوکر **اذان** و اقامت کے وقت خاموش رہ کر جواب دینے (والے مَدَنی انعام) پر عمل کرتے ہوئے تمام اسلامی بھائی نمازِ مغرب **پہلی صف** میں تکبیرِ اُولیٰ (والے مَدَنی انعام) کے مطابق باجماعت ادا کریں گے، نماز کے بعد ایک اسلامی بھائی اعلان کریں گے پھر اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ بیان ہوگا، بیان کے بعد ۱۲ منٹ **انفرادی کوشش** کرنے (والے مَدَنی انعام) پر عمل کی سعادت حاصل کی جائیگی، کھانا مُیَسَّر ہوا تو (مَدَنی انعامات کے مطابق پردے میں پردے کی احتیاط کے ساتھ پیٹ کا **قفلِ مدینہ** لگاتے ہوئے) کھالیا جائے گا ورنہ اذانِ عشاء سے قبل جلدی تیاری کر کے مسجد کی **پہلی صف** مع تکبیرِ اُولیٰ (والے مَدَنی انعام) کے مطابق نمازِ عشاء باجماعت ادا کی جائے گی۔

**درس** کے بعد اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ **کیسٹ اجتماع** ہوگا یا **رسائلِ عطاریہ** (والے مَدَنی انعام پر عمل کرتے ہوئے) ایک رسالہ پڑھ کر سنایا جائیگا، اس دوران


www.dawateislami.net

کچھ اسلامی بھائی **19** منٹ کیلئے باہر جا کر نئے اور پرانے اسلامی بھائیوں پر انفرادی کوشش (والے مَدَنی انعام) کی ترکیب بنائیں گے، اس کے بعد **دہرائی کا حلقہ** ہوگا، پھر **صلوٰۃُ التَّوبہ** اور **سورۃُ الْمُلک** (والے مَدَنی انعام) پر عمل کی سعادت حاصل کی جائے گی اس کے بعد تمام اسلامی بھائی (اجتماعی طور پر) **فکرِ مدینہ** (والے مَدَنی انعام) پر عمل کی سعادت پا کر مَدَنی انعام کے مطابِق **سنّت بکس** سِر ہانے رکھ کر سوتے وقت کے اوراد پڑھ کر ممکنہ صورت میں **پردے میں پردہ** کی ترکیب کر کے سوجائیں گے۔ وقت مناسب پر **تہجّد** کی نماز کیلئے اٹھایا جائے گا تمام اسلامی بھائی تہجد کی نماز (والے مَدَنی انعام) پر عمل کی سعادت حاصل کریں گے، پھر **شجرۂ عطّاریہ** (والے مَدَنی انعام) پر عمل کرتے ہوئے **تلاوت** اور ذکر و درود میں مشغول ہوجائیں گے۔ اذانِ فجر کے بعد تمام اسلامی بھائی **صدائے مدینہ** (والے مَدَنی انعام) پر عمل کی سعادت پانے کیلئے مسجد سے باہر تشریف لے جائیں گے۔ جماعتِ فجر سے تقریباً **10** منٹ قبل واپس آ کر مسجد کی **پہلی صف** میں تکبیرِ اُولیٰ (والے مَدَنی انعام) کے مطابق نمازِ فجر باجماعت ادا کریں گے۔ نماز کے بعد ایک اسلامی بھائی اعلان کریں گے، پھر اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ **بیان** ہوگا، اس کے بعد **اِنْ شَآءَ اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ سیکھنے سکھانے



www.dawateislami.net

کا عمل جاری رہے گا۔ پھر تمام اسلامی بھائی **اشراق وچاشت** کے نوافل ادا کرنے (والے مَدَنی انعام) پرعمل کی سعادت حاصل کریں گے۔ پھر **وقفہ** برائے آرام ہوگا۔ **08:45** پر تمام اسلامی بھائیوں کو نیند سے بیدار کیا جائے گا۔ تمام اسلامی بھائی طبعی حاجت وغیرہ سے فارغ ہو کر **09:00** بجے ناشتہ کریں گے اور **اِنْ شَآءَ اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ ساڑھے نو بجے دوبارہ اسی طرح مَدَنی مشورے کا حلقہ شروع ہوجائیگا۔ میں بھی اس پر عمل کرنے کی **نیت** کرتا ہوں آپ تمام اسلامی بھائی بھی **نیت** فرمالیجئے زور سے کہئے، **اِنْ شَآءَ اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ

**یاربِّ مصطفٰے** عَزَّوَجَلَّ! بطفیلِ مصطفٰی صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم ہمیں عاشقانِ رسول کے مَدَنی قافلوں میں سفر کرنے کی توفیق عطا فرما۔ **یا اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ! مَدَنی قافلوں میں سفر کرنے والوں کے طُفیل ہماری بے حِساب مغفِرت کر۔ **یا اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ! ہمیں دعوتِ اسلامی کے مَدَنی ماحول میں اِستِقامت عطا فرما۔ **یا اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ! ہمیں سچّا عاشِقِ رسول بنا۔ **یا اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ! اُمَّتِ محبوب کی بخشش فرما۔

**اٰمین بِجَاہِ النَّبِیِّ الْاَمین** صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم


www.dawateislami.net

# مَدَنی مشورہ

اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت حضرت علامہ مولانا ابو بلال **محمد الیاس عطّار قادری** رَضَوی دَامَت بَرَکاتُہُم الْعَالِیَہ دورِ حاضر کی وہ یگانۂ روزگار ہستی ہیں کہ جن سے شرفِ بیعت کی بَرَکت سے لاکھوں مسلمان گناہوں بھری زندگی سے تائب ہوکر **اللہُ** رحمٰن عَزَّوَجَلَّ کے اَحکام اور اُس کے **پیارے حبیبِ لبیب** صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم کی سُنّتوں کے مُطابِق پُرسُکون زندگی بسر کررہے ہیں۔ خیر خواہیِ مسلم کے مُقدّس جذبہ کے تحت ہمارا **مَدَنی مشورہ** ہے کہ اگر آپ ابھی تک کسی جامع شرائط پیر صاحب سے **بَیعت** نہیں ہوئے تو شیخِ طریقت، **امیرِ اہلسنّت** دَامَت بَرَکاتُہُم العالیہ کے فُیُوض وبَرَکات سے مُستَفِید ہونے کے لیے ان سے **بَیعت** ہوجایئے۔ اِن شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ دُنیا وآخرت میں کامیابی وسرخروئی نصیب ہوگی۔

# مُریدبننے کاطریقہ

اگر آپ مُرید بننا چاہتے ہیں، تو اپنا اور جن کو **مُرید یا طالب** بنوانا چاہتے ہیں ان کا نام نیچے ترتیب وار مع ولدیت وعمر لکھ کر **"مکتب مجلس مکتوبات وتعویذاتِ عطّارِیہ، عالمی مَدَنی مرکز فیضانِ مدینہ محلّہ سوداگران پرانی سبزی منڈی باب المدینہ (کراچی)"** کے پتے پر روانہ فرمادیں، تو اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ انہیں بھی سلسلہ قادِریہ رَضَویہ عطّاریہ میں داخل کرلیا جائے گا۔ (پتا انگریزی کے کیپٹل حروف میں لکھیں)

**E.Mail : Attar@dawateislami.net**

﴿۱﴾ نام وپتا بال پین سے اور بالکل صاف لکھیں، غیر مشہور نام یا الفاظ پر لازماً اِعراب لگائیں۔ اگر تمام ناموں کیلئے ایک ہی پتا کافی ہو تو دوسرا پتا لکھنے کی حاجت نہیں۔ ﴿۲﴾ ایڈریس میں مَحرم یا سرپرست کا نام ضرور لکھیں ﴿۳﴾ الگ الگ مکتوبات منگوانے کیلئے جوابی لفافے ساتھ ضرور اِرسال فرمائیں۔

| نمبر شمار | نام | مرد / عورت | بن / بنت | باپ کا نام | عمر | مکمل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

**مَدَنی مشورہ**: اس فارم کو محفوظ کرلیں اور اس کی مزید کاپیاں کروالیں۔



www.dawateislami.net





اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ؕ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ

اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

## مدنی قافلوں کی بہاریں (حصہ 2)

# عجیب الخِلقَۃ بچّی

## (اور دیگر مدنی بہاریں)

## عنقریب پیش کیا جائے گا۔

## مکتبۃ المدینہ کی شاخیں


کراچی: شہید مسجد، کھارادار۔ فون: 2203311-2314045
راولپنڈی: کمیٹی چوک، اقبال روڈ، فضل داد پلازہ۔ فون: 5553765
لاہور: دربار مارکیٹ، گنج بخش روڈ۔ فون: 7311679
پشاور: فیضانِ مدینہ گلبرک نمبر 1، النور اسٹریٹ، صدر پشاور۔
سردار آباد (فیصل آباد): امین پور بازار۔ فون: 2632625
خان پور: دُرانی چوک نہر کنارہ۔ فون: 5571686
کشمیر چوک: چوک شہیداں میرپور۔ فون: 6107212
نواب شاہ: چکرا بازار، نزد مسلم کمرشل بینک۔ فون: 4362145
حیدرآباد: فیضانِ مدینہ، آفندی ٹاؤن۔ فون: 2620122
سکھر: فیضانِ مدینہ، بیراج روڈ۔ فون: 5619195
ملتان: نزد پیپل والی مسجد، اندرون بوہڑ گیٹ۔ فون: 4511192
گوجرانوالہ: فیضانِ مدینہ، شیخوپورہ موڑ، گوجرانوالہ۔ فون: 4225653

فیضانِ مدینہ محلہ سوداگران پرانی سبزی منڈی باب المدینہ (کراچی)
فون: 4921389-93/4126999 فیکس: 4125858
Email:maktaba@dawateislami.net \ www.dawateislami.net


www.dawateislami.net